Roll No. (امیدوار خود پُر کرے)

S.S.C (9th)-A-2022

وقت : 2:10 گھنٹے

اُردو (لازمی)

نمبر : 60

پرچہ : I گروپ : پہلا (انشائی)

حصہ دوم

2۔ درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے): 6=2x3

(حصہ نظم)

i. قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اس سے سوا تیرا — اک بندۂ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

ii. جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

iii. پڑتے ہیں پانی ہر جا بل تھل بنا رہے ہیں — گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

iv. ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ — ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

(حصہ غزل) 4=2x2

i. رہی سبز ہے فکرِ کشتِ سخن — نہ جوتا کیا میں، نہ بویا کیا

ii. ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار — یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

iii. بلبل کو باغباں سے نہ صیاد سے گلہ — قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

حصہ سوئم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: 10=5+5

(الف) اس وقت جب کہ دعوتِ حق کے جواب میں ہر طرف سے تلوار کی جھنکاریں سنائی دے رہی تھیں، حافظِ عالم نے مسلمانوں کو دارالامان مدینہ کی طرف سے اذنِ ہجرت کا حکم دیا، لیکن خود وجودِ اقدس ﷺ جوان ستم گاروں کا حقیقی ہدف تھا، اپنے لیے حکم خدا کا منتظر تھا۔

(ب) ڈاکٹر: جی نہیں بیگم صاحب! تردد کی کوئی بات نہیں، میں نے بہت اچھی طرح معائنہ کر لیا ہے۔ صرف تکان کی وجہ سے حرارت ہو گئی ہے۔ ان دنوں آپ کے شوہر غالباً کام بہت زیادہ کرتے ہیں۔

بیوی: ڈاکٹر صاحب! ان دنوں کیا، ان کا ہمیشہ سے یہی حال ہے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات دیجیے: 10

i۔ ہجرتِ نبوی ﷺ سے کیا مراد ہے؟

ii۔ مرزا غالب کو کہاں کہاں سے خط آتے تھے؟

iii۔ دلی قوئی کو بے کار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟

iv۔ مضمون نگار کے بقول اصول کے لیے کسی کتاب کو پڑھنے کی ضرورت کیوں نہیں ہے؟

v۔ قدرِ ایاز میں مصنف کو ملنے والے بنگلے میں چمن کیسا تھا؟

vi۔ نعت کا شاعر اپنی حرمت اور آبرو کس بات میں خیال کرتا ہے؟

vii۔ علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کے مطابق خلوتِ اوراق میں کون نغمہ زن تھے؟

viii۔ بہادر شاہ ظفر کے مطابق بلبل کی قسمت میں کیا لکھا تھا؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(الف) مرزا غالب کے عادات و خصائل (ب) قدرِ ایاز

6۔ شاملِ نصاب نظم "حمد" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7۔ اپنی بہن کے نام خط لکھیے جس میں کسی تاریخی عمارت کی سیر کا حال لکھیے۔ 10

یا

اسکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام فیس معافی کے لیے درخواست لکھیے۔

8۔ "جس کا کام اسی کو ساجھے" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ یا مریض اور ڈاکٹر کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

i۔ مدثر نے قرآن پاک کو پڑھا ہو گا۔

ii۔ میں نے کتاب پڑھنا ہے۔

iii۔ ریوڑ جنگل میں چر رہے ہیں۔

iv۔ سامان، مکانات دکانیں سب کچھ جل گئے۔

v۔ لڑکیوں نے کتے کے مارا۔

یا

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

i۔ اُلٹے بانس ____________۔

ii۔ بوڑھی گھوڑی ____________

iii۔ پاک رہو ____________۔

iv۔ جتنی چادر دیکھیے ____________

v۔ شگوفہ ____________۔